**09.04.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ ماجد علی

**Music**

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے ایک ہزار 210 امیدوار میدان میں ہیں۔ دوسرے مرحلے کی پولنگ 13 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں ہوگی۔

☆ انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں آزادانہ اور شفاف لوک سبھا انتخابات کرائے جانے کیلئے وزارت داخلہ سے مرکزی مسلح نیم فوجی فورسز کی مزید 100 کمپنیاں تعینات کرنے کو کہا ہے۔

☆ BJP کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت میں یہ ثابت کردیا ہے کہ اُس کیلئے کچھ بھی حاصل کرنا ناممکن نہیں ہے۔

☆ دلّی کی ایک عدالت نے دلّی آبکاری پالیسی گھپلے کے ایک معاملے میں BRS کی لیڈر کے کویتا کی عدالتی تحویل 23 اپریل تک بڑھا دی ہے۔

☆ Sensex نے پہلی مرتبہ 75 ہزار کا نشانہ پار کرلیا ہے۔نفٹی بھی اونچائی کی نئی سطح پر پہنچ گیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، آج شام چنڈی گڑھ میں پنجاب کنگز کا مقابلہ سن رائزرس حیدرآباد کے ساتھ ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**EC Second Phase**

انتخابی کمیشن نے بتایا ہے کہ 13 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے ایک ہزار 210 امیدوار میدان میں ہیں۔ 88 حلقوں کیلئے کُل دو ہزار 633 نامزدگیاں داخل کی گئی تھیں۔ جانچ پڑتال کے بعد ایک ہزار 428 نامزدگیاں صحیح پائی گئی ہیں۔کُل نام واپس لینے کا آخری دن تھا۔ اِس مرحلے کیلئے 26 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ دوسرے مرحلے میں کیرالہ کی 20 پارلیمانی سیٹوں کیلئے سب سے زیادہ 500 نامزدگیاں، کرناٹک کے 14 حلقوں کیلئے 491 نامزدگیاں داخل کی گئی ہیں۔ سب سے کم 14 نامزدگیاں تریپورہ کی ایک سیٹ کیلئے حاصل ہوئی ہیں۔ مہاراشٹر کے ناندیڑ پارلیمانی حلقے کیلئے 92 نامزدگیاں حاصل ہوئی ہیں۔x

**EC CRPF**

انتخابی کمیشن نے وزارت داخلہ سے کہا ہے کہ وہ مغربی بنگال میں آزادانہ اور شفاف انتخابات کیلئے مرکزی مسلح نیم فوجی دستے CAPF کی مزید 100 کمپنیاں تعینات کرے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ انتخابی کمیشن کی ہدایت پر وزارت داخلہ، سینٹرل ریزرو پولیس فورس کی 55 کمپنیاں اور بورڈر سکیورٹی فورسز کی 45 کمپنیاں تعینات کر رہی ہیں۔ ذرائع نے مزید کہا کہ CAPF کی اِن اضافی 100 کمپنیوں کو 15 اپریل سے پہلے پہلے تعینات کیا جائے گا۔x

**PM Pilibhit Rally**

وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندرمودی نے کہا ہے کہ بھارت نے دکھا دیا ہے کہ اس کیلئے کچھ بھی حاصل کرنا ناممکن نہیں ہے۔ آج اترپردیش میں پیلی بھیت کے مقام پر ایک چناؤ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ منزل اور نشانہ چاہے جتنا بھی مشکل ہو، اگر بھارت اُسے حاصل کرنے کی ٹھان لے تو یقیناً حاصل کرلے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اِس حوصلے اور توانائی کے ساتھ اُن کی حکومت بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے کام کررہی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ انہوں نے زرعی پیداوار کے شعبے میں پیلی بھیت کی اہمیت اجاگر کی اور کسانوں کی مدد کے لیے حکومت کی کوششوں کا ذکر کیا۔

انہوں نے گنا کسانوں کے لیے سرکار کے اقدامات کا بھی ذکر کیا، جن میں چینی کی نئی ملیں قائم کئے جانے اور موجودہ ملوں کو وسعت دیے جانے اور کسانوں کے لیے اور زیادہ مالی امداد شامل ہیں۔ اترپردیش میں 8 پارلیمانی حلقوں میں 19 اپریل کو لوک سبھا انتخابات کے پہلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ یہ حلقے ہیں: سہارنپور، کیرانہ، مظفرنگر، بجنور، نگینہ(ایس سی)، مراد آباد، رامپور اور پیلی بھیت۔

**PM Interview**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ شمال مشرقی خطہ آج نئے بھارت کی سب سے بڑی کامیاب داستان کے طور پر ابھرا ہے۔ انھوں نے کہا کہ گذشتہ پانچ سال میں خطے کی ترقی کے لیے تقریباً چار مرتبہ سرمایہ کاری کی گئی ہے، جو کانگریس سرکار کی طرف سے مختص کیے گئے فنڈ سے کہیں زیادہ ہے۔

ایک اخبار کو دیے گئے انٹرویو میں جناب مودی نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی نے جو گذشتہ ایک دہائی میں ہوئی ہے۔ شمالی مشرقی خطے کو ملک کے باقی حصے سے جوڑ دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک کی پہلی کھیلوں کی یونیورسٹی منی پور میں کھولی گئی ہے اور حکومت آٹھ ریاستوں میں 200 سے زیادہ کھیلو انڈیا سینٹرس قائم کر رہی ہے۔

شورش پسندی کے معاملے پر وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے شمالی مشرقی خطے میں شورش پسندی پر کافی حد تک قابو پا لیا ہے، اور وہاں امن کو یقینی بنایا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ گذشتہ دس سال میں کُل گیارہ امن سمجھوتوں پر دستخط کیے گئے ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ 2014 سے اب تک 9 ہزار 500 شورش پسند خودسپردگی کرکے سماج میں شامل ہوچکے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سکیورٹی میں بہتری کی وجہ سے شمال مشرق کے زیادہ تر حصوں سے AFSPA پیچھے ہٹ چکی ہے۔x

## Festival Messages

ملک کے مختلف حصوں میں آج نوراتری، Chaitra Sukladi، Ugadi، Gudi Padwa، Cheti Chand، Navreh اور Sajibu Cheiraoba تہوار منائے جارہے ہیں۔

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدرجگدیپ دھنکڑ نے اس موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ صدرجمہوریہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ یہ تہوار موسم بہار اور بھارت کے نئے سال کا خیرمقدم کرنے کا موقع ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ تہوار ملک کے مختلف حصوں میں منائے جاتے ہیں جو امن ہم آہنگی اور قوت برداشت کا پیغام دیتے ہیں۔

نائب صدر نے اپنے پیغام میں کہا کہ یہ تہوار مختلف ناموں سے منائے جاتے ہیں لیکن ان کا اصل مقصد خوشحالی، نئ امید اور نئ توانائی پیدا کرنا ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان تہواروں سے سب کو خوشحالی اور اچھی صحت ملے گی۔Nav Samvatsar کے موقع پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے وزیر اعظم نے دعا کی کہ یہ نیا سال ہر کسی کیلئے خوشحالی اور اچھی صحت لے کر آئے۔ نوراتری پر لوگوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ شکتی کی پوجا کرنے والا یہ تہوار ہر کسی کیلئے خوشحالی، خوش قسمتی اور اچھی صحت لے کر آئے گا۔x

## TMC Protest-BJP

ٹی ایم سی رہنما حکومت کی جانب سے مرکزی ایجنسیوں کے مبینہ بیجا استعمال کے خلاف نئ دلی میں اپنا احتجاج آج بھی جاری رکھے ہوئے ہے۔ کل رکن پارلیمنٹ ڈیرک Obrien، ڈولا سین، Sagarika Ghose اور ساکیت گوکھلے پر مشتمل پارٹی کے ایک وفد نے لوک سبھا انتخابات سے پہلے مغربی بنگال میں ٹی ایم سی کے کارکنوں کو ڈرانے کی غرض سے NIA کے مبینہ بیجا استعمال کے معاملے پر انتخابی کمیشن سے ملاقات کی تھی۔ پارٹی کے رہنماؤں نے انتخابی ادارے سے زور دے کر کہا کہ وہ اِس معاملے میں مداخلت کرے۔ بعد میں انہوں نے قومی راجدھانی میں واقع کمیشن کے دفتر کے باہر احتجاج کیا۔ دلی پولیس احتجاج کرنے والے رہنماؤں کو شہر کے مندر مارگ پولیس اسٹیشن لے گئی، بعد میں انہیں چھوڑ دیاگیا، لیکن وہ اب بھی پولیس اسٹیشن میں احتجاج کررہے ہیں۔

عام آدمی پارٹی بھی احتجاج کرنے والے ٹی ایم سی رہنماؤں کی حمایت کررہی ہے۔ پارٹی رہنما سوربھ بھاردواج نے کہا ہے کہ بی جے پی رہنما مہم چلا رہے ہیں، لیکن اپوزیشن رہنماؤں کو سی بی آئی، ای ڈی، آئی ٹی محکمہ اور این آئی اے ہراساں اور پریشان کررہی ہیں۔

اِس دوران بی جے پی نے ٹی ایم سی کو اُس کے احتجاج کے سلسلے میں تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ پارٹی ترجمان شہزاد پوناوالا نے الزام لگایا ہے کہ ٹی ایم سی مغربی بنگال میں تشدد کرنے والے لوگوں کا ساتھ دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں ای ڈی اور این آئی اے کی ٹیموں پر حملے کئے جارہے ہیں۔ جناب پونا والا نے ریاست کی حکمراں پارٹی پر الزام لگایا کہ وہ بدعنوان اور غیر سماجی عناصر کا تحفظ کررہی ہے۔

## Kavitha Custody

دلّی کی راؤز اوینیو عدالت نے BRS کی لیڈر کے کویتا کی عدالتی تحویل 23 اپریل تک بڑھا دی ہے۔ وہ

دلّی کی آبکاری پالیسی گھپلے سے متعلق کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک معاملے میں تحویل میں ہیں۔ کل دلّی کی ایک عدالت نے کویتا کو پیشگی ضمانت دینے سے انکار کردیا تھا۔ کویتا مبینہ طور پر اُس 'ساؤتھ گروپ' کی اہم ممبر ہیں جس پر الزام ہے کہ اُس نے قومی راجدھانی میں شراب کے لائسنسوں کا ایک بڑا حصہ حاصل کرنے کیلئے عام آدمی پارٹی کے بڑے لیڈروں کو 100 کروڑ روپئے دیئے تھے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے 15 مارچ کو حیدرآباد کے بنجارا ہلز رہائش سے کویتا کو گرفتار کیا تھا۔x

## Pak Blast

پولیس نے کہا ہے کہ پاکستان کے انتشار سے دوچار بلوچستان صوبے میں دو الگ الگ بم دھماکوں میں ایک پولیس اہلکار سمیت کم سے کم 3 افراد ہلاک اور 20 دیگر زخمی ہوگئے۔ پہلے واقعہ میں ایک پولیس اہلکار ہلاک اور 15 دیگر اُس وقت زخمی ہوگئے جب کل شام صوبے کے کوئٹہ ضلعے کے Kuchlak علاقہ کی ایک مسجد میں ایک دھماکہ ہوا۔ ایک دوسرے واقعہ میں کل Khuzdar قصبے میں عمر فاروق چوک کے نزدیک ایک بازار میں بم دھماکہ ہونے سے دو افراد ہلاک اور 5 زخمی ہوگئے۔ ایک سینئر پولیس عہدیدار نے بتایا کہ دھماکہ اُس وقت ہوا جب لوگ بازار میں عید کی خریداری کررہے تھے۔

کسی بھی تنظیم نے اِن دھماکوں کی ذمہ داری قبول نہیں کی ہے، البتہ حالیہ ہفتوں میں صوبے میں ممنوعہ تنظیموں اور دہشت گردوں کی جانب سے دہشت گردانہ حملوں میں اضافہ ہوا ہے۔ اِن حملوں میں خاص طور سے حفاظتی دستوں اور تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا ہے۔

## India-Gaza Pease

بھارت نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی اُس قرار داد کو ایک مثبت قدم قرار دیا ہے، جس میں غزہ میں فوری جنگ بندی کی مانگ کی گئی ہے۔ اُس نے زور دے کر کہا ہے کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان جاری لڑائی سے جو انسانی بحران پیدا ہوا ہے وہ ناقابل قبول ہے۔ اقوام متحدہ میں بھارت کی مستقل نمائندہ سفیر روچیرا کمبوج نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کی میٹنگ کو بتایا کہ بھارت غزہ میں جاری لڑائی سے کافی پریشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی بحران گہرا ہوگیا ہے اور خطے اور اُس سے باہر غیر استحکام کی کیفیت میں اضافہ ہورہا ہے۔ محترمہ کمبوج نے کہا کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان جاری لڑائی کی وجہ سے بڑے پیمانے پر غیر فوجی شہریوں، خاص طور سے خواتین اور بچوں کا جانی نقصان ہوا ہے۔25مارچ کو اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی جانب سے منظور کی گئی قرار داد میں سبھی یرغمالوں کو فوری اور غیر مشروط طور پر رہا کئے جانے اور اُن کی طبی اور دوسری ضرورتوں کو پورا کرنے کی غرض سے مدد فراہم کئے جانے کی مانگ کی گئی تھی۔ 15رکنی کونسل کے 10 غیر مستقل منتخب ارکان کی جانب سے پیش کی گئی قرار داد کو منظوری دی گئی تھی۔ 14 ملکوں نے اِس کی حمایت میں ووٹ دیا تھا۔ کسی بھی ملک نے اِس کی مخالفت نہیں کی تھی، البتہ امریکہ نے ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا تھا۔

## Sensex 75K

شیئر بازار کے Sensex میں مسلسل دوسرے روز تیزی آئی اور اِس میں آج صبح پہلی مرتبہ 75 ہزار کا نشانہ پار کرلیا۔ ابتدائی سودوں میں آئی ٹی کے شیئرُوں میں خریداری سب سے زیادہ دیکھنے میں آئی۔ 30 شیئر کا بی ایس ای سنسیکس میں 381 پوائنٹس کا اضافہ ہوا اور یہ 75 ہزار 124 پر پہنچ گیا۔ NSE نفٹی میں 99 پوائنٹس کا اضافہ ہوا اور یہ ریکارڈ 22 ہزار 765 کی سطح پر پہنچ گیا۔ Sensex کے شیئرُوں میں انفوسس، ٹیک مہندرا، ٹاٹا کنسلٹینسی سروسز، HCL ٹیکنالوجی، ٹاٹا موٹرس، ویپرو، ICICI بینک اور نیسلے کے شیئرُوں میں سب سے زیادہ فائدہ دیکھنے کو ملا۔

کل Sensex میں 494 پوائنٹس کا اضافہ ہوا تھا اور یہ 74 ہزار 742 پر بند ہوا تھا۔ نفٹی میں 152 پوائنٹس کا اضافہ ہوا تھا اور یہ 22 ہزار 666 پر بند ہوا تھا۔x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں آج شام ساڑھے سات بجے، چنڈی گڑھ کے مہاراجہ Yadavindra سنگھ انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں پنجاب کنگس کا مقابلہ Sunrisers حیدرآباد سے ہوگا۔

کل رات چنئی کے M.A. چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی Super Kings نے کولکتہ نائٹ رائیڈرس کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔

چنئی Super Kings کے سامنے جیت کے لیے 138 رن کا نشانہ رکھا گیا تھا، جسے اس نے تین وکٹ کھوکر 141 رن بناکر حاصل کر لیا۔

کپتان Rithuraj گائیکوارڈ نے58 گیندوں میں 67 رن بنائے اور وہ ناٹ آؤٹ رہے۔

اِس سے قبل، پہلے بلے بازی کرتے ہوئے کولکتہ نے 9 وکٹ کے نقصان پر 137 رن بنائے تھے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆